میں ایک عظیم علمی خدمت ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔

● **ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنیؒ کے دلچسپ سفرنامے** مرتب: مولانا نوراللہ فارانی

ضخامت ۱۹۲ صفحات ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

زیر تبصرہ کتاب ''ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی کے دلچسپ سفرنامے'' کا مرتب مولانا نوراللہ فارانی ہیں، اس مجموعہ میں ڈاکٹر صاحب کے سفری مشاہدات اور تاریخی اسفار کا تذکرہ ہے، ایران، بغداد، حرمین شریفین اور فلسطین کے دلکش مناظر کا احاطہ اس کتاب میں کیا گیا ہے، ڈاکٹر صاحب علمی شخصیت کے ساتھ ساتھ ایک جہاندیدہ شخصیت بھی مالک تھے، ان کے سفرناموں کی زبان عام فہم، شائستہ اور شگفتہ ہے، مرتب کتاب نے اس کو نہایت سلیقے سے مرتب کر کے کتابی شکل میں شائع کروادیا اور اردو سفرنامے کی صنف میں قابل قدر اضافہ کردیا، سفرناموں سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ایک انمول تحفہ ہے۔

● **مسنون لباس** مولف: مولانا سید لیاقت علی شاہ نقشبندی غفوری ضخامت: ۴۶۴ صفحات

ناشر: مکتبہ غفوریہ نزد جامعہ اسلامیہ درویشیہ بی بلاک سندھی مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی 03332329310

اسلام کامل دین اور مکمل نظام حیات ہے جو اپنے متبعین کی ہر معاملہ میں مکمل رہنمائی کرتا ہے۔ حتیٰ کہ لباس کے آداب بھی اسلامی تعلیمات کے مرہون منت ہیں اور لباس کے معاملہ میں شرعی حدود وقیود کا اہتمام ہر مسلمان پر فرض ہے، لیکن عصر جدید میں مغربی تہذیب کا بول بالا ہے، جدیدیت پسندی کا شور ہے، مسلمانان عالم اس تہذیب کے دلدادہ ہو چکے ہیں، اس تہذیب کی چکاچوند نے اُن سے اپنے روایات اور اقدار او جھل کردی ہے حتی کہ ان سے اسلامی لباس بھی چھین لینے کی کوششیں ہو رہی ہے، ملبوسات کے اشتہارات کی آڑ میں فحاشی وعریانی کا ایک طوفان برپا ہے، مغربی لباس کی ترویج کا بازار گرم ہے اور اسلامی اور مسنون لباس کو دقیانوسیت تصور کیا جا رہا ہے، واضح رہے کہ لباس کی وضع قطع تہذیب کے اہم ترین مسائل میں سے ہے، جس میں اسلام اپنا ایک ایسا لباس متعارف کرواتا ہے جو ستر وحجاب کی تعلیمات کے عین مطابق ہو۔

زیر تبصرہ کتاب ''مسنون لباس'' مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی صاحب کی ایک بہترین تصنیف ہے جس میں انہوں نے اسلامی لباس کی وضع وقطع کے حوالے سے روشنی ڈالی ہے جو کہ ایک فطری اور سادہ لباس ہے۔ مولف موصوف نے اس جامع کتاب میں مسنون لباس کے خدوخال کے حوالے سے تمام امور پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی ہے، ہر بات مدلل اور مستند ہے، نو ابواب پر مشتمل یہ مجموعہ مسنون لباس کی مبحث پر ایک انسائیکلوپیڈیا کا درجہ رکھتا ہے۔ عام فہم